# بائبل کا تصورِ خدا

مرتبہ

محمد اسلم رانا ایڈیٹر ماہنامہ "المذاہب"

ایک پارک شاہدرہ لاہور

شائع کردہ

اسلامی مشن سنت نگر لاہور

www.Only1or3.com
www.OnlyOneOrThree.com

# بائبل کا تصورِ خدا

مرتبہ

محمد اسلم رانا ایڈیٹر ماہنامہ "المذاہب"

ملک پارک شاہدرہ لاہور

شائع کردہ

اسلامی مشن سنت نگر لاہور

www.Only1or3.com
www.OnlyOneOrThree.com

اشاعت :۔ اسلامی مشن سنت نگر۔لاہور

کتابت :۔ عبدالمجید خوشنویس لاہور
محلہ صداقت پارک

طباعت :۔ سندھو پریس لاہور

www.Only1or3.com
www.OnlyOneOrThree.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# بائبل کا تصورِ خدا

## تصریحات

یہ مقالہ پروٹسٹنٹ اردو بائبل نظرثانی ۱۹۷۰ء کی بنا پر لکھا گیا ہے۔

صیون۔ یروشلم کی ایک پہاڑی ہے۔ بائبل میں یہ اصطلاح ہیکلِ سلیمانی اور یروشلم کے لئے بھی استعمال کی گئی ہے۔

یہوواہ۔ اللہ تعالیٰ کا خاص یہودی نام ہے۔

کروبی۔ فرشتہ کو کہتے ہیں۔

حوالجات میں بائبل کی کتاب پھر اس کے باب اور آیت نمبر کا حوالہ دیا گیا ہے۔

اور تم خدا کی مانند نیک و بد کے جاننے والے بن
جاؤ گے
پیدائش ۳ : ۵

اور تم دیوتاؤں کی مانند نیک و بد کے جاننے والے بن
جاؤ گے ۔(gods) شاہ جیمز کی بائبل و دی نیو یروشلیم بائبل ۱۹۸۵ء

خداوند نے موسیٰؑ سے کہا میں نے تجھے فرعون کے لئے گویا
خدا ٹھہرایا ۔
خروج ۷ : ۱

اور خدا نے موسیٰؑ سے کہا ۔ دیکھ میں نے تجھے فرعون کے
لئے دیوتا ٹھہرایا ہے ۔
(god) شاہ جیمز کی بائبل

یہوواہ نے موسیٰؑ سے کہا ۔ دیکھ میں نے تجھے فرعون کے لئے
گویا دیوتا ٹھہرایا ہے ۔ اور تو اس کے لئے گویا خدا ہوگا ۔
(god) دی نیو یروشلیم بائبل خروج ۴ : ۱۶)

اور تو اس کے لئے گویا الہام دینے والا دیوتا ہوگا ۔
(god) دی نیو یروشلیم بائبل

خدا کی جماعت میں خدا موجود ہے
وہ انہوں کے درمیان عدالت کرتا ہے ۔ (زبور ۸۲ : ۱)

خدا کی جماعت میں خدا موجود ہے
وہ دیوتاؤں کے درمیان عدالت کرتا ہے
(gods) (شاہ جیمز کی بائبل ۔ نیو ورلڈ ٹرانسلیشن آف دی ہولی
سکرپچرز)

خدا کی جماعت میں خدا کھڑا ہوتا ہے .
وہ دیوتاؤں کے درمیان عدالت کرتا ہے .
(gods) دی یروشلیم بائبل ہو

میں نے کہا تھا کہ تم الٰہ ہو .
اور تم سب حق تعالیٰ کے فرزند ہو (زبور ۸۲ : ۶)

میں نے کہا کہ تم دیوتا ہو . (gods)
اور تم سب حق تعالیٰ کے فرزند ہو . (شاہ جیمز کی بائبل)

میں نے خود کہا ہے کہ تم دیوتا ہو (gods)
اور تم سب حق تعالیٰ کے فرزند ہو
(نیو ورلڈ ٹرانسلیشن)

کیونکہ خداوند تمہارا خدا (الٰہوں کا الٰہ) خداوندوں کا خداوند ہے
(استثنا ۱۰ : ۱۷)

کیونکہ خداوند تمہارا خدا دیوتاؤں کا خدا ہے اور خداوندوں کا خداوند ہے . (GODS) شاہ جیمز کی بائبل

FOR THE LORD YOUR GOD IS GOD OF GODS, AND LORD OF LORDS

کیونکہ خداوند تمہارا خدا وہی خداؤں کا خدا اور خداوندوں کا خداوند ہے .
(رومن کیتھولک اردو بائبل)

لوگ پکار اٹھے کہ یہ تو خدا کی آواز ہے ،

( اعمال ۱۲ : ۲۲ )

لوگ یہ کہتے ہوئے پکار اُٹھے ۔کہ یہ تو دیوتا کی آواز ہے
(god) شاہ جیمز کی بائبل

جواب میں لوگ پکارنے لگے " انسان کی نہیں دیوتا کی آواز "
(god) (نیوورلڈ ٹرانسلیشن)

سُن اے اسرائیل خداوند ہمارا خدا ایک ہی خداوند ہے
( استثنا ۶ : ۴ )

اور وہ مجھے کہیں کہ اس کا نام کیا ہے ، تو میں کیا بتاؤں ؟
خدا نے موسیٰؑ سے کہا ۔

" میں جو ہوں سو میں ہوں " سو تو بنی اسرائیل سے یوں
کہنا کہ " میں جو ہوں " نے مجھے تمہارے پاس بھیجا ہے ،

خروج ۳ ، ۱۳ : ۱۴

خدا اپنے مقدس مکان میں یتیموں کا باپ اور بیواؤں کا
دادرس ہے ( زبور ۶۸ : ۵ )

اور موسیٰؑ اس پہ چڑھ کر خدا کے پاس گیا ۔

( خروج ۱۹ : ۳ )

اور موسیٰؑ اس گہری تاریکی کے نزدیک گیا ۔ جہاں
خدا تھا ( خروج ۲۰ : ۲۱ )

خداوند کے سامنے وبا سے مر گئے۔

(گنتی ۱۴ : ۳۸)

سالم میں اس کا خیمہ ہے اور صیّون میں اس کا مسکن

(زبور ۷۶ : ۲)

اس غار کے منہ پر کھڑا ہوا اور دیکھو اس سے یہ آواز آئی کہ
اے ایلیاؔ تو یہاں کیا کرتا ہے؟

(۱-سلاطین ۱۹ : ۱۱)

میں نے دیکھا کہ خداوند اپنے تخت پر بیٹھا ہے۔ اور سارا
آسمانی لشکر اس کے داہنے اور بائیں کھڑا ہے۔

۱-سلاطین ۲۲ : ۱۹

اس نے اپنی ہیکل میں سے میری آواز سنی

(۲-سموئیل ۲۲ : ۷)

خداوند کی ستائش کرو جو صیّون میں رہتا ہے ۔

(زبور ۹ : ۱۰)

خداوند اپنی مقدّس ہیکل میں ہے

(زبور ۱۱ : ۴ حبقوق ۲ : ۲۰)

اٹھ اے خداوند اپنی آرام گاہ میں داخل ہو

(زبور ۱۳۲ : ۸)

صیّون میں خداوند مبارک ہو۔ وہ یروشلیم میں سکونت

www.Only1Or3.com www.OnlyOneOrThree.com

کرتا ہے

(زبور ۱۲۵ : ۲)

خداوند یوں فرماتا ہے۔ کہ آسمان میرا تخت ہے اور زمین میرے پاؤں کی چوکی

(یسعیاہ ۶۶ : ۱)

اور وہ میرے لئے ایک مقدس بنائیں۔ تاکہ میں ان کے درمیان سکونت کروں۔

(خروج ۲۵ : ۸)

ان کو خداوند کے روبرو ہلانا

(خروج ۲۹ : ۲۴)

اور میں بنی اسرائیل کے درمیان سکونت کروں گا۔ اور ان کا خدا ہوں گا۔

(خروج ۲۹ : ۴۵)

اور میں نے اس کو حکمت اور فہم اور علم ہر طرح کی صنعت میں روح اللہ سے معمور کیا ہے۔

(خروج ۳۱ : ۳)

اور خدا کی روح اس پہ نازل ہوئی

(گنتی ۲۴ : ۲)

تو خدا کی روح اس پہ زور سے نازل ہوئی

(۱-سیموئیل ۱۱ : ۶)

اور اس تخت کے سامنے آگ کے سات چراغ جل رہے ہیں۔ یہ خدا کی سات روحیں ہیں (مکاشفہ ۴ : ۵)

www.only1or3.com

اور میں سمجھتا ہوں کہ خدا کا روح مجھ میں بھی ہے۔

(۱۔ کرنتھیوں ۷ : ۴۰)

خدا کے پاک روح کو رنجیدہ نہ کرو

افسیون ۴ : ۳۰)

مسیح۔ "وہ اندیکھے خدا کی صورت اور تمام مخلوقات سے پہلے مولود ہے۔

... الوہیت کی ساری معموری اسی میں مجسم ہو کر سکونت کرتی ہے۔"

(کلسیوں ۲ : ۹)

ابتدا میں کلام تھا اور کلام خدا کے ساتھ تھا۔ اور کلام خدا تھا

(انجیل یوحنا ۱ : ۱)

ہم مٹی ہیں۔ خدا روح ہے اور تو ہمارا کمہار ہے اور ہم سب کے سب تیری دستکاری ہیں۔

(یوحنا ۴ : ۲۴ اجبار ۲۶ : ۱۲

خدا کے جلال کا منظر بھسم کرنے والی آگ کی مانند تھا

(خروج ۲۴ : ۱۷)

پھر وہ لوگ کڑکڑانے اور خداوند کے سنتے برا کہنے لگے۔ چنانچہ خداوند نے سنا اور اس کا غضب بھڑکا اور خداوند کی آگ ان کے درمیان جل اٹھی۔ اور لشکرگاہ کو ایک کنارے سے بھسم کرنے لگی

(گنتی ۱۱ : ۱)

اس لئے تو مجھے اب چھوڑ دے کہ میرا غضب ان پر بھڑکے اور میں ان کو بھسم کر دوں۔

(خروج ۳۲ : ۱۰)

خداوند تیرا خدا بھسم کرنے والی آگ ہے۔

(استثنا ۴ : ۲۴)

خداوند تیرا خدا تیرے آگے آگے بھسم کرنے والی آگ کی طرح پار جا رہا ہے۔ وہ ان کو فنا کر دے گا۔

(استثنا ۹ : ۴)

یہ خداوند فرماتا ہے۔ جس کی آگ صیون میں اور بھٹی یروشلیم میں ہے (یسعیاہ ۳۱ : ۹)

ہمارا خدا آئے گا اور خاموش نہیں رہے گا۔ آگ اس کے آگے آگے بھسم کرتی جائے گی۔

(زبور ۵۰ : ۳)

اس کے منہ سے آگ نکل کر بھسم کرنے لگی۔ . . اس جھلک سے جو اس کے آگے آگے تھی آگ کے کوئلے سلگ گئے

۲ سموئیل ۲۲ : ۹ ، ۱۳

ہمارا خدا بھسم کرنے والی آگ ہے۔

(عبرانیوں ۱۲ : ۲۹)

میں نے تو تیرا منہ ایسے دیکھا۔ جیسا کوئی خدا کا منہ

www.onlyforgive.com

دیکھتا ہے (پیدائش ۳۳ : ۱۰)

اور یعقوبؑ نے یوسفؑ سے کہا کہ خدائے قادرِ مطلق مجھے لوز میں جو ملک کنعان میں ہے، دکھائی دیا اور مجھے برکت دی۔
(پیدائش ۴۸ : ۳)

خداوند اپنا چہرہ تجھ پر جلوہ گر فرمائے اور تجھ پر مہربان رہے
(گنتی ۶ : ۲۵)

خداوند اپنا چہرہ تیری طرف متوجہ کرے اور تجھے سلامتی بخشے
(گنتی ۶ : ۲۶)

تو میرا چہرہ نہیں دیکھ سکتا۔ کیونکہ انسان مجھے دیکھ کر زندہ نہیں رہے گا۔ (خروج ۳۳ : ۲۰)

سو انہوں نے خدا کو دیکھا اور کھایا اور پیا
(خروج ۲۴ : ۱۱)

جب خداوند صیون کو واپس آئے گا، تو وہ اُسے روبرو دیکھیں گے۔ (یسعیاہ ۵۲ : ۹)

خداوند کھڑا ہے کہ نقدمہ کرے
(یسعیاہ ۳ : ۱۳)

اب خداوند فرماتا ہے آؤ باہم حجت کریں
(یسعیاہ ۱ : ۱۸)

اور یعقوبؑ اکیلا رہ گیا اور پو پھٹنے کے وقت تک ایک شخص

www.OnlyOneOrThree.com

وہاں اس سے کشتی لڑتا رہا۔ جب اس نے دیکھا کہ وہ اس پر غالب نہیں ہوتا۔ تو اس کی ران کو اندر کی طرف سے چھوا اور یعقوبؑ کی ران کی نس اس کے ساتھ کشتی کرنے میں چڑھ گئی اور اس نے کہا۔ مجھے جانے دے کیونکہ پو پھٹ چلی

یعقوبؑ نے کہا۔ جب تک تو مجھے برکت نہ دے گا۔ میں تجھے جانے نہیں دوں گا۔ تب اس نے اس سے پوچھا کہ تیرا نام کیا ہے؟

اس نے جواب دیا۔ یعقوبؑ

اس نے کہا تیرا نام آگے کو یعقوب نہیں بلکہ اسرائیل ہوگا۔ کیونکہ تو نے خدا اور آدمیوں کے ساتھ زور آزمائی کی اور غالب ہوا

تب یعقوبؑ نے اس سے کہا کہ میں تیری منت کرتا ہوں۔ تو مجھے اپنا نام بتا دے۔

اس نے کہا۔ تو میرا نام کیوں پوچھتا ہے؟ اور اس نے اسے وہاں برکت دی اور یعقوبؑ نے اس جگہ کا نام فنی ایل رکھا اور کہا کہ میں نے خدا کو روبرو دیکھا تو بھی میری جان بچی رہی۔

(پیدائش ۳۲: ۲۴ تا ۳۰)

وہ کروبی پر سوار ہو کر اڑا اور ہوا کے بازوؤں پر دکھائی دیا۔

(۲ سموئیل ۲۲: ۱۱)

وہ کروبیوں پر بیٹھتا ہے۔

(زبور ۹۹: ۱)

اے رب الافواج اسرائیل کے خدا۔ کروبیوں پر بیٹھنے والے
توہی اکیلا سب سلطنتوں کا خدا ہے۔

(۲۔ سلاطین ۱۹ : ۱۵)

تو جو کروبیوں پر بیٹھا ہے جلوہ گر ہو

(زبور ۸۰ : ۱)

سو خداوند عمالیقیوں سے نسل در نسل جنگ کرتا رہے گا۔

(خروج ۱۷ : ۱۶)

اور یشوع نے ان سب بادشاہوں پر اور ان کے ملک پر
ایک ہی وقت میں تسلط حاصل کیا۔ اس لئے کہ خداوند اسرائیل
کا خدا اسرائیل کی خاطر لڑا۔

(یشوع ۱۰ : ۴۲)

خداوند تیرے آگے آگے فلستیوں کے لشکر کو مارنے نکلا ہے

(۱۔ تواریخ ۱۴ : ۱۵)

رب الافواج کوہ صیون اور اس کے ٹیلے پر لڑنے کو اترے گا

(یسعیاہ ۳۱ : ۴)

خداوند بہادر کی مانند نکلے گا۔ وہ جنگی مرد کی مانند اپنی غیرت
دکھائے گا۔ وہ نعرہ مارے گا۔ ہاں للکارے گا۔ وہ اپنے
دشمنوں پر غالب آئے گا۔

(یسعیاہ ۴۲ : ۱۳)

www.only1or3.com

خداوند مہیب بہادر کی مانند میری طرف ہے۔

(یرمیاہ ۲۰ : ۱۱)

وہ خداوند کی پیروی کریں گے۔ جو شیر ببر کی طرح گرجے گا۔

(ہوسیع ۱۱ : ۱۰)

خداوند فلستیوں کے اوپر اسی دن بڑی کڑک کے ساتھ گرجا۔ اور ان کو گھبرا دیا۔

(۱۔ سموئیل ۷ : ۱۰)

خداوند آسمان سے گرجا۔ (۲ سموئیل ۲۲ : ۱۴)

جب خداوند خروج کرے گا۔ اور ان قوموں سے لڑے گا۔ جیسے جنگ کے دن لڑا کرتا تھا۔ اور اس روز وہ کوہ زیتون پہ جو یروشلیم کے مشرق میں واقع ہے۔ کھڑا ہوگا۔

(زکریاہ ۱۴ : ۳، ۴)

خداوند صیہون سے نعرہ مارے گا۔ اور یروشلیم سے آواز بلند کرے گا۔

(یوایل ۳ : ۱۶)

تیرے تیر بھی چاروں طرف چلے

(زبور ۷۷ : ۱۷)

اور میں تلوار کھینچ کر ان کا پیچھا کروں گا۔

(حزقی ایل ۵ : ۳)

ہاں خداوند کی آواز ہی سے اسور تباہ ہو جائے گا۔ وہ

اسے لٹھ سے مارے گا۔

(یسعیاہ ۳۰ : ۳۱)

اور خداوند یہوداہ کے ساتھ تھا۔ سو اس نے کوہستانیوں کو نکال دیا پر وادی کے باشندوں کو نہ نکال سکا۔ کیونکہ ان کے پاس لوہے کے رتھ تھے۔ (قضاۃ ۱ : ۱۹)

اسی روز خداوند اس استرے سے جو دریائے فرات کے پار سے کرائے پر لیا۔ یعنی اسور کے بادشاہ سے۔ سر اور پاؤں کے بال مونڈے گا۔ اور اس سے داڑھی بھی کھرچی جائے گی۔ (یسعیاہ ۷ : ۲۰)

اے خداوند جاگ تو کیوں سوتا ہے؟ اٹھ ہمیشہ کے لئے ہم کو ترک نہ کر۔ تو اپنا منہ کیوں چھپاتا ہے؟

(زبور ۴۴ : ۲۳)

خداوند اسرائیل کا خدا مبارک ہو۔ جس نے اپنے منہ سے میرے باپ داؤد سے کلام کیا

(۲۔ تواریخ ۶ : ۴)

وہ جو آسمان پر تخت نشین ہے۔ ہنسے گا اور خداوند ان کا مضحکہ اڑائے گا۔ (زبور ۲ : ۴)

میری آنکھیں ان کی سب روشوں پر لگی ہیں۔ وہ مجھ سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ اور ان کی بدکرداری میری آنکھوں سے چھپی

نہیں ۔ (یرمیاہ ۱۶ : ۱۷)

خداوند کی وہ سات آنکھیں جو ساری زمین کی سیر کرتی ہیں ۔

(زکریاہ ۴ : ۱۰)

دیکھو خداوند دور سے چلا آتا ہے ۔ اس کا غضب بھڑکا ۔ اور دھوئیں کا بادل اٹھا ۔ اس کے لب قہر آلودہ اور اس کی زبان بھسم کرنے والی آگ کی مانند ہے ۔

(یسعیاہ ۳۰ : ۲۷)

خداوند اپنی جلالی آواز سنائے گا ۔ اور اپنے قہر کی شدت اور آتش سوزاں کے شعلے اور سیلاب اور آندھی اور اولوں کے ساتھ اپنا بازو نیچے لائے گا ۔

(یسعیاہ ۳۰ : ۳۰)

اس کے نتھنوں سے دھواں اٹھا ۔

(۲ سموئیل ۲۲ : ۹)

اس کے نتھنوں کے دم کے جھونکے سے سمندر کی تھاہ دکھائی دینے لگی ۔

(۲ سموئیل ۲۲ : ۱۶)

میں بہت مدت سے چپ رہا ۔ میں خاموش رہا اور ضبط کرتا رہا ۔ پر اب میں دردِ زہ والی کی طرح چلاؤں گا ۔ میں ہانپوں گا اور زور زور سے سانس لوں گا ۔ (یسعیاہ ۴۲ : ۱۴)

خداوند کی سانس گندھک کے سیلاب کی مانند اس
کو سلگاتی ہے۔

(یسعیاہ ۳۰ : ۳۳)

جاگ جاگ اے خداوند کے بازو توانائی سے
ملبّس ہو۔ (یسعیاہ ۵۱ : ۹)

اور سموئیل نے لوگوں کی سب باتیں سنیں اور ان کو
خداوند کے کانوں تک پہنچایا۔

(۱۔ سموئیل ۸ : ۲۱)

میری فریاد اس کے کان میں پہنچی

(۲۔ سموئیل ۲۲ : ۷)

اے اسرائیل کے چوپان! تو جو گلہ کی مانند یوسف کو
لے چلتا ہے کان لگا۔ (زبور ۸۰ : ۱)

اور وہ لوحیں خدا ہی کی بنائی ہوئی تھیں اور جو لکھا
ہوا تھا۔ وہ بھی خدا ہی کا لکھا ہوا اور کندہ کیا ہوا تھا۔

(خروج ۳۲ : ۱۶)

اس نمونہ کے سب کام خداوند کے ہاتھ کی تحریر سے
مجھے سمجھائے گئے۔

(۱۔ تواریخ ۲۸ : ۱۹)

اس نے اوپر سے ہاتھ بڑھا کر مجھے تھام لیا۔
(۲۔ سموئیل ۲۲ : ۱۷)

تیرے داہنے ہاتھ اور تیرے بازو اور تیرے چہرے کے
نور نے ان کو فتح بخشی

(زبور ۴۴ : ۳)

خداوند کے ہاتھ میں پیالہ ہے اور مے جھاگ والی ہے

(زبور ۷۵ : ۸)

انہوں نے اسرائیل کے خدا کو دیکھا اور اس کے پاؤں کے
نیچے نیلم کے پتھر کا سا چبوترا تھا ۔

(خروج ۲۴ : ۱۰)

ہم اس کے پاؤں کی چوکی کے سامنے سجدہ کریں گے

(زبور ۱۳۲ : ۷)

اور اس کے پاؤں کی چوکی پہ سجدہ کرو

(زبور ۹۹ : ۵)

تیرے نقش قدم نامعلوم ہیں

(زبور ۷۷ : ۱۹)

خداوند کا ہاتھ چھوٹا نہیں ہو گیا کہ بچا نہ سکے ۔ اور
اس کا کان بھاری نہیں کہ سن نہ سکے ۔

(یسعیاہ ۵۹ : ۱)

اس کے پاؤں تلے گہری تاریکی تھی ۔

(۲ سموئیل ۲۲ : ۱۰)

اور انہوں نے خداوند خدا کی آواز جو ٹھنڈے وقت
باغ میں پھرتا تھا سُنی

(پیدائش ۳ : ۸)

اور خداوند اس شہر اور بُرج کو جسے بنی آدم بنانے
لگے دیکھنے کو اُترا

(پیدائش ۱۱ : ۵)

پھر خداوند نے فرمایا چونکہ سدوم اور عمورہ کا شور بڑھ
گیا اور ان کا جُرم نہایت سنگین ہو گیا ہے۔ اس لئے میں
اب جا کر دیکھوں گا۔ کہ کیا انہوں نے سراسر ایسا ہی کیا
ہے۔ جیسا شور میرے کان تک پہنچا ہے۔ اور اگر نہیں
کیا تو میں معلوم کر لوں گا۔ سو وہ مرد وہاں سے مڑے اور
سدوم کی طرف چلے گئے پر ابراہام خداوند کے حضور کھڑا
ہی رہا۔ تب ابراہام نے نزدیک جا کر کہا۔ تو نیک کو بد کے
ساتھ ہلاک کرے گا۔ . . . جب خداوند ابراہام سے باتیں
کر چکا تو چلا گیا اور ابراہام اپنے مکان کو لوٹا

(پیدائش ۱۸ : ۲۰ تا ۲۳، ۳۳)

اور خداوند جس جگہ اس سے ہم کلام ہوا۔ وہیں سے اس کے
پاس سے اوپر چلا گیا۔

(پیدائش ۳۵ : ۱۳)

www.Only1Or3.com

میں تیرے ساتھ مصر کو جاؤں گا۔

(پیدائش ۴۶ : ۴)

میں اس رات ملک مصر سے ہو کر گزروں گا۔ اور مصر کے سب دیوتاؤں کو بھی سزا دوں گا۔ میں خداوند ہوں۔

(خروج ۱۲ : ۱۲)

اور خداوند ان کو دن کو راستہ دکھانے کے لئے بادل کے ستون میں اور رات کو روشنی دینے کے لئے آگ کے ستون میں ہو کر ان کے آگے آگے چلا کرتا تھا۔

(خروج ۱۳ : ۲۱)

اور خداوند نے موسیٰؑ سے کہا۔ کہ دیکھ میں کالے بادل میں اس لئے تیرے پاس آتا ہوں

(خروج ۱۹ : ۹)

اور موسیٰؑ لوگوں کو خیمہ گاہ سے باہر لایا کہ خدا سے ملائے۔ اور وہ پہاڑ کے نیچے آکھڑے ہوئے اور کوہ سینا اوپر سے نیچے تک دھوئیں سے بھر گیا۔ کیونکہ خداوند شعلہ میں ہو کر اس پہ اترا اور دھواں تنور کے دھوئیں کی طرح اوپر کو اٹھ رہا تھا اور خداوند کوہ سینا کی چوٹی پہ اترا اور خداوند نے پہاڑ کی چوٹی پہ موسیٰؑ کو بلایا۔

(خروج ۱۹ : ۱۷، ۱۸، ۲۰)

اور جب تک میرا جلال گذرتا رہے گا۔ میں تجھے اس چٹان کے
شگاف میں رکھوں گا۔ اور جب تک میں نکل نہ جاؤں تجھے اپنے
ہاتھ سے ڈھانکے رکھوں گا۔ اس کے بعد میں اپنا ہاتھ اٹھا
لوں گا۔ اور تو میرا پیچھا دیکھے گا۔ لیکن میرا چہرہ دکھائی نہیں دیگا۔

(خروج ۳۳ : ۲۲ ، ۲۳)

اور خداوند اس کے آگے سے یہ پکارتا ہوا گذرا
"اے خداوند! میں تیری منت کرتا ہوں کہ ہمارے بیچ میں
ہو کر چل۔

(خروج ۳۴ : ۶ : ۹)

اے خداوند! جب تو شعیر سے چلا۔ جب تو ادوم کے
میدان سے باہر نکلا۔

(قضاة ۵ : ۴)

تب خداوند آ کھڑا ہوا۔

(۱۔ سموئیل ۳ : ۹)

اور جب تو شہتوت کے درختوں کی پھنگیوں میں تجھے فوج
کے چلنے کی آواز سنائی دے تو چست ہو جانا۔ کیونکہ اس
وقت خداوند تیرے آگے آگے نکل چکا ہوگا۔

(۲ سموئیل ۵ : ۲۴)

* * *

اس نے آسمانوں کو بھی جھکا دیا اور نیچے اُتر آیا۔
(۲-سموئیل ۲۲ : ۱۰)

اور دیکھو خداوند گزرا۔
(۱-سلاطین ۱۹ : ۱۱)
اے خداوند۔ آسمانوں کو جھکا کر اُتر آ۔

(زبور ۱۴۴ : ۵)
دیکھو خداوند اپنے مقام سے چلا آتا ہے، تاکہ زمین کے باشندوں کو ان کی بدکرداری کی سزا دے۔
(یسعیاہ ۲۶ : ۲۱)
اور میں تمہارے درمیان چلا پھرا کروں گا اور تمہارا خدا ہوں گا۔

(احبار ۲۶ : ۱۲)
چونکہ خداوند اسرائیل کا خدا اس سے داخل ہوا ہے، اس لئے یہ بند رہے گا۔
(حزقی ایل ۴۴ : ۲)
دیکھ میں تیرے آگے جا کر وہاں حورب کی ایک چٹان پر کھڑا رہوں گا۔
(خروج ۵ : ۱۷)
خداوند ایک دیوار پر جو ساہول سے بنائی گئی تھی کھڑا ہے
(عاموس ۷ : ۷)

www.Only1or3.com
www.OnlyOneOrThree.com

راستہ پر خداوند منزل پر اسے ملا اور چاہا کہ اسے مار ڈالے۔

(خروج ۴ : ۲۴)

جب روئے زمین پر آدمی بہت بڑھنے لگے اور ان کے بیٹیاں پیدا ہوئیں۔ تو خدا کے بیٹوں نے آدمی کی بیٹیوں کو دیکھا۔ کہ وہ خوب صورت ہیں۔ اور جن کو انہوں نے چنا۔ ان سے بیاہ کر لیا۔ ان دنوں میں زمین پر جبار تھے۔ اور بعد میں جب خدا کے بیٹے انسان کی بیٹیوں کے پاس گئے تو ان کے لئے ان سے اولاد ہوئی۔ یہی قدیم زمانے کے سورما ہوئے ہیں

(پیدائش ۶ : ۱، ۲، ۴، ۵)

خداوند یوں فرماتا ہے کہ اسرائیل میرا بیٹا بلکہ پہلوٹھا ہے۔

(خروج ۴ : ۲۴)

تم خداوند اپنے خدا کے فرزند ہو۔

(استثنا ۱۴ : ۱)

سلیمان تیرا بیٹا ہوگا اور میں اس کا باپ ہوں گا؟

(۱۔ تواریخ ۲۲ : ۱۹)

اور ایک دن خدا کے بیٹے آئے کہ خداوند کے حضور حاضر ہوں۔

(ایوب ۱ : ۶)

www.onlythreeor3.com

میں اسرائیل کا باپ ہوں اور افرائیم میرا پہلوٹھا ہے ۔

( یرمیاہ ۳۱ : ۱۰ )

اور اپنے بیٹوں کو جو مجھ سے پیدا ہوئے ۔ آگ سے گزارا

( حزقی ایل ۲۳ : ۳۷ )

خداوند نے مجھ سے کہا تو میرا بیٹا ہے ۔ آج تو مجھ سے پیدا ہُوا ۔

( زبور ۲ : ۷ )

اے یسوع خداتعالیٰ کے فرزند مجھے تجھ سے کیا کام ؟

( مرقس ۵ : ۷ )

پھر ان کو اُن کے ہاتھوں سے لے کر قربان گاہ پر سوختنی قربانی کے اوپر جلا دینا ۔ تاکہ وہ خداوند کے آگے راحت انگیز خوشبو ہو ۔

( خروج ۲۹ : ۲۵ )

مے خدا اور انسان دونوں کو خوش کرتی ہے ۔

( قضاۃ ۹ : ۱۳ )

اور اس روپے سے جو کچھ تیرا جی چاہے ۔ خواہ گائے ۔ بیل یا بھیڑ بکری یا مے یا شراب مول لے کر اپنے گھرانے سمیت وہاں خداوند کے حضور کھانا اور خوشی منانا ۔

( استثنا ۱۴ : ۲۶ )

www.only1or3.com
www.OnlyOneOrThree.com

اور خداوند نے کہا۔ کہ میں انسان کو جسے میں نے پیدا کیا زمین پر سے مٹا ڈالوں گا۔ انسان سے لے کر حیوان اور رینگنے والے جانور اور ہوا کے پرندوں تک۔ کیونکہ میں ان کے بنانے سے ملول ہوں۔

(پیدائش ۶ : ۷)

جب وہ اپنے ستانے والوں اور دکھ دینے والوں کے باعث کڑھتے تھے تو خداوند ملول ہوتا تھا۔

(قضاۃ ۲ : ۱۸)

اور جب وہ ہلاک کرنے ہی کو تھا تو خداوند دیکھ کر اس بلا سے ملول ہوا اور اس ہلاک کرنے والے فرشتہ سے کہا۔ بس اب اپنا ہاتھ کھینچ

(۱۔ تواریخ ۲۱ : ۱۵)

خدا کی بیوقوفی آدمیوں کی حکمت سے زیادہ حکمت والی ہے۔ اور خدا کی کمزوری آدمیوں کے زور سے زیادہ زور آور ہے

(۱۔ کرنتھیوں ۱ : ۲۵)

چھ دن میں خداوند نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا۔ اور ساتویں دن آرام کر کے تازہ دم ہوا۔

(خروج ۳۱ : ۱۷)

میں تو ترس کھاتے کھاتے تنگ آ گیا۔

(یرمیاہ ۱۵ : ۶)

اور تو جَو کے پُھلکے کھانا اور ان کی آنکھوں کے سامنے انسان کی نجاست سے ان کو پکانا . . . . تب اس نے مجھے فرمایا ۔ دیکھ میں انسان کی نجاست کے عوض تجھے گوبر دیتا ہوں ۔ سو تو اپنی روٹی اس سے پکانا ۔

( حزقی ایل ۴ : ۱۲ ، ۱۵ )

یعقوب نے اپنی ماں رِبقہ کے اکسانے پر اپنے سن رسیدہ باپ اسحاق کو دھوکا دیا اور فریب کاری سے اپنے بڑے بھائی عیسَو کی برکت کی دعا لے لی ۔ جس سے خدا کی بھی فریب خوردگی کا پہلو نکلتا ہے ۔

( پیدائش ۲۷ )

اور لوگ بنیمین کی وجہ سے پچھتائے اس لئے کہ خداوند نے اسرائیل کے قبیلوں میں رخنہ ڈال دیا تھا ۔

( قضاۃ ۲۱ : ۱۵ )

سو خداوند نے تیرے ان نبیوں کے منہ میں جھوٹ بولنے والی روح ڈالی ہے ۔ اور خداوند نے تیرے حق میں بدی کا حکم دیا ہے ۔ ( ۱ ۔ سلاطین ۲۲ ۔ ۲۳ )

تیرا خدا جس پر تیرا بھروسہ ہے یہ کہہ کر تجھے فریب نہ دے ۔

( ۲ ۔ سلاطین ۱۹ : ۱۰ )

www.Only1or3.com
www.OnlyOneOrThree.com

اے خداوند خدا یقیناً تو نے ان لوگوں کو اور یروشلیم کو یہ کہہ کر دغا دی کہ تم سلامت رہو گے۔ حالانکہ تلوار جان تک پہنچ گئی ہے

(یرمیاہ ۴ : ۱۰)

اُنہوں نے ایوب کو مجرم ٹھہرایا۔

(ایوب ۳۲ : ۳)

اُنہوں نے خدا کو مجرم ٹھہرایا۔

(رومن کاتھولک اردو بائبل)

جو بُرائی کرتا ہے وہ بُرائی ہی کرتا جائے۔

(مکاشفہ ۲۲ : ۱۱)

بیت ایل میں آؤ اور گناہ کرو۔ اور جلجال میں کثرت سے گناہ کرو۔

(عاموس ۴ : ۴)

اور میں فرعون کے دل کو سخت کروں گا۔ اور فرعون کا دل سخت ہو گیا۔

(خروج ۷ : ۳، ۱۳)

خداوند تیرے خدا نے اس کا مزاج کڑا اور اس کا دل سخت کر دیا ہے۔

(استثنا ۲ : ۳۰)

پس جس پر وہ چاہتا ہے رحم کرتا ہے۔ اور جسے چاہتا ہے سخت کر دیتا ہے۔ (رومیوں ۹ : ۱۸)

www.Only1or3.com

www.OnlyOneOrThree.com

خدا نے بنی آدم کو یہ سخت دُکھ دیا ہے کہ وہ مشقت میں مبتلا رہیں۔

(واعظ ۱ : ۱۳)

اور خداوند نے موسیٰ سے کہا۔ کہ مدیانیوں کو ستانا اور ان کو مارنا۔

(گنتی ۲۵ : ۱۶، ۱۷)

اس لئے خداوند صیون کی بیٹیوں کی چاندیوں کو گنجی کر دے گا۔ اور خداوند ان کے اندام نہانی کو اکھاڑے گا۔

(پروٹسٹنٹ اردو بائبل مطبوعہ ۱۸۷۰ء)

اس لئے خداوند صیون کی بیٹیوں کے سر گنجے اور بیواہ ان کے بدن بے پردہ کرے گا۔

(یسعیاہ ۳ : ۱۷)

سو خداوند صیون کی بیٹیوں کے سروں کو گنجا کرے گا۔ اور خداوند ان کے بالوں کو مونڈے گا۔

(رومن کیتھولک اردو ترجمہ)

لیکن میں انہیں سزا دوں گا۔ میں ان کے سروں کو مونڈ ونگا اور انہیں گنجے سر چھوڑ دوں گا۔

(گڈ نیوز بائبل)

خدا صیون کی خواتین کے سر گنجے کرے گا۔ اور ان کی

پیشانیوں کے بال منڈوائے گا۔

(دی نیو انگلش بائبل)

میرا خدا صیّون کی بیٹیوں کے سر ننگے کرے گا۔ خداوند ان
کے سروں کو بے پردہ کرے گا۔

(یہودی انگریزی بائبل)

خدا صیّون کی بیٹیوں کے سر کی چوٹی خارشت زدہ کر
دے گا۔ یہوواہ خود ان کی پیشانی ننگی کرے گا۔

(نیو ورلڈ ٹرانسلیشن)

خدا صیّون کی بیٹیوں کو خارشت زدہ کر دے گا۔ یہوواہ
ان کی پیشانیاں ننگی کرے گا۔

(دی نیو یروشلیم بائبل)

تیرے سامنے سے تیرا دامن اٹھا دوں گا۔ اور قوموں کو
تیری برہنگی اور مملکتوں کو تیرا ستر دکھلاؤں گا۔

(ناحوم ۳ : ۵)

پھر میں نے تیری طرف گذر کیا۔ اور تجھ پہ نظر کی۔ اور کیا
دیکھتا ہوں کہ تو عشق انگیز عمر کو پہنچ گئی ہے۔ پس میں نے اپنا
دامن تجھ پہ پھیلایا اور تیری برہنگی کو چھپایا۔ اور قسم کھا کر تجھ
سے عہد باندھا۔ خداوند خدا فرماتا ہے۔ اور تو میری ہو
گئی۔

(حزقی ایل ۱۶ : ۸)

www.only1or3.com
www.oneorthree.com

اس لئے دیکھیں تیرے سب یاروں کو جن کو تو لذیذ تھی۔ اور ان سب کو جن کو تو چاہتی تھی اور ان سب کو جن سے تو کینہ رکھتی تھی۔ جمع کروں گا۔ میں ان کو چاروں طرف سے تیری مخالفت پہ فراہم کروں گا۔ اور ان کے آگے تیری برہنگی کھول دوں گا۔ تاکہ وہ تیری تمام برہنگی دیکھیں

(حزقی ایل ۱۶ : ۳۷)

خداوند یوں فرماتا ہے۔ کہ تیری ماں کا طلاقنامہ جسے لکھ کر میں نے اسے چھوڑ دیا ہے۔ کہاں ہے؟ یا اپنے قرض خواہوں میں سے کس کے ہاتھ تم کو بیچا؟

(یسعیاہ ۵۰ : ۱)

جب خداوند نے شروع میں ہوسیع کی معرفت کلام کیا۔ تو اس کو فرمایا کہ جا ایک بدکار بیوی اور بدکاری کی اولاد اپنے لئے لے۔

(ہوسیع ۱ : ۲)

تم اپنی ماں سے حجت کرو۔ کیونکہ نہ وہ میری بیوی ہے اور نہ میں اس کا شوہر ہوں۔ کہ وہ اپنی بدکاری اپنے سامنے سے اور اپنی زناکاری اپنے پستانوں سے دور کرے۔ اب میں اسکی فاحشہ گری اسکے یاروں کے سامنے فاش کرونگا۔ اور کوئی اس کو میرے ہاتھ سے نہیں چھڑائے گا۔

(ہوسیع ۲ : ۲، ۱۰)

---

# اسلامی مشن سنت نگر لاہور

مقاصد ۱۔ مسلمانوں میں اسلامی تصورات کو ترویج دینا

2۔ غیر مسلموں میں اسلام کی تبلیغ کرنا۔

3۔ کفار کے سوالات کا جواب دینا

4۔ بیرون ملک پاکستان قرآن مجید مہیا کرنا۔

ذرائع ۱۔ غیر مسلموں کے اعتراضات کے جواب میں رسائل شائع کرنا

(۲) دین اسلام پر کتابیں شائع کرنا

(3) غیر مسلموں بالخصوص عیسائیوں میں اسلام کی اشاعت

لائحہ عمل ۱۔ اسلامی مشن ایک غیر سیاسی ادارہ ہے،

اس کا مقصد اسلام کی اشاعت ہے

مبلغوں کا تعین کرنا۔ نو مسلموں کی فلاح و بہبود

ان کی مشکلات اور مسائل کا مداوا کرنا۔

رکنیت ۱۔ ہر مسلمان اس کا ممبر ہو سکتا ہے۔ اس مشن

میں دو قسم کے ممبر ہوں گے۔

۱۔ وہ جو ایک صد روپیہ سالانہ ادا کریں

2۔ وہ جو پانصد روپیہ یا اس سے زائد رقم یک مشت ادا کریں

وہ لائف ممبر ہوں گے۔

# تبلیغی کتب

| نام کتاب | قیمت | نام کتاب | قیمت |
|---|---|---|---|
| | روپے | | |
| انجیل برنباس | 15 | اسلام ایک نظر میں | 1 |
| حقیقت عیسائیت | 7 | اسلام کی خصوصیات | 2 |
| حقیقت قادیانیت | 7 | اسلام اور شادی | 2 |
| حضرت مسیحؑ انجیل کے آئینہ میں | 2 | قرآن مجید اور انجیل جدید | 2 |
| حضرت محمدؐ بائبل کی نظر میں | 3 | شراب اور جوا | 1 |
| ہندومت | 6 | اسلام کی سچائی | 2 |
| تاریخ سکھ مت | 7 | مبلغ اعظم | 7 |
| رسول تالمود | 5 | جرم ارتداد | 7 |
| الجہاد فی الاسلام | 2 | ناسخ و منسوخ | 2 |
| اللہ تعالیٰ کا آخری پیغام | 1 | اعلائے کلمۃ الحق | 4 |
| توحید و تثلیث | 1 | شان محمدؐ | 3 |
| دین مبین | 1 | موعود مثیل موسیٰؑ | 2 |
| ہم مسلمان کیوں ہوئے | 1 | عشاقان رسولؐ دوسرا ایڈیشن | 7 |
| الوہیت مسیحؑ | 1 | AL-ISLAM | 7 |

ملنے کا پتہ :- اسلامی مشن سنت نگر لاہور

www.only1or3.com